# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Thursday, the 12th March, 2026 at 3:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MS. SHAHIDA REHMANI** **MR. KHURSHID AHMED JUNEJO**
**SYED JAVED ALI SHAH JILLANI** **MR. NAZIR AHMED BHUGIO**
**MR. RAFIQ AHMED JAMALI** to invite attention of the Minister for Communications to a matter of urgent public importance regarding the collection of high toll taxes despite the poor and dilapidated condition of the main highway connecting Karachi with other parts of Sindh, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILL**

**4.** **KHAWAJA MUHAMMAD ASIF,** Minister for Defence, to introduce a Bill to amend the Pakistan Airports Authority Act, 2023 [The Pakistan Airports Authority (Amendment) Bill, 2026].

**ORDINANCE TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**5.** **SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to lay before the National Assembly the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Ordinance, 2026 (No. II of 2026) before the National Assembly, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES**

**6.** **MS. NOSHEEN IFTIKHAR,** Chairperson Standing Committee on National Heritage and Culture Division, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**7.** **MS. NOSHEEN IFTIKHAR,** Chairperson Standing Committee on National Heritage and Culture Division, to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) (Amendment) Bill, 2025].

**8.** **SYED AMIN UL HAQ,** Chairman Standing Committee on Information Technology and Telecommunication, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**9.** **MR. AURANGZEB KHAN KHICHI,** Minister for National Heritage and Culture, to move that the Bill further to amend the Iqbal Academy Ordinance, 1962 [The Iqbal Academy (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**10.** **MR. AURANGZEB KHAN KHICHI,** Minister for National Heritage and Culture, to move that the Bill further to amend the Iqbal Academy Ordinance, 1962 [The Iqbal Academy (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES**

**11.** **MR. FATEH ULLAH KHAN,** Chairman Standing Committee on Defence to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**12.** **MALIK MUHAMMAD AAMIR DOGAR,** Chairman Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmony, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**13.** **MS. NOSHEEN IFTIKHAR,** Chairperson, Standing Committee on Human Rights, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**14.** **SYED MUSTAFA MEHMOOD,** Chairman Standing Committee on Energy (Petroleum Division), to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**15.** **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to lay on the Table an authenticated copy of the Address of the President of the Islamic Republic of Pakistan made under clause (3) of Article 56 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan before both the Houses assembled together on 2nd March, 2026, as required by sub-rule (1) of rule 60 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**MOTION OF THANKS**

**16.** **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to move the following motion:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 2nd March, 2026."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**17.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**18.** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** to invite attention of the Minister for Foreign Affairs to a matter of urgent public importance regarding the safe return of more than nine hundred stranded Pakistani citizens in Qatar due to the ongoing war in the Middle East, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**11th March, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعرات، ۱۲ مارچ، ۲۰۲۶ء سہ پہر تین بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

**سوالات**

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

**توجہ دلاؤ نوٹس**

۳۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** **جناب خورشید احمد جونیجو** **سید جاوید علی شاہ جیلانی**
**جناب نذیر احمد بگھیو** **جناب رفیق احمد جمالی** وزیر برائے مواصلات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کراچی کو سندھ کے دیگر حصوں سے منسلک کرنے والی مرکزی شاہراہ کی خراب اور خستہ حالی کے باوجود ٹول ٹیکسوں کی زائد وصولی سے متعلق ہے۔

**بل کا پیش کرنا**

۴۔ **خواجہ محمد آصف**، وزیر برائے دفاع، پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

**قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والا آرڈیننس**

۵۔ **سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق علاقہ دار الحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) آرڈیننس ۲۰۲۶ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۲۰۲۶ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

**قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا**

۶۔ **محترمہ نوشین افتخار**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن تحریک پیش کریں گی کہ قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۷۔ **محترمہ نوشین افتخار**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن، قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گی۔

۸۔ **سید امین الحق**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی مواصلات، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

**قانون سازی**

۹۔ **جناب اورنگزیب خان کھچی،** وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت تحریک پیش کریں گے کہ اقبال اکیڈمی آرڈیننس ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اقبال اکیڈمی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]

**۱۰۔ جناب اورنگزیب خان کھچی،** وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت تحریک پیش کریں گے کہ اقبال اکیڈمی آرڈیننس ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل[اقبال اکیڈمی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۱۱۔ **جناب فتح اللہ خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **ملک محمد عامر ڈوگر،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۳۔ **محترمہ نوشین افتخار،** چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۴۔ **سید مصطفیٰ محمود،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن)، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۱۵۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۶۰ کے ذیلی قاعدہ (۱) کی مقتضیات کے مطابق، ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۵۶ کی شق (۳) کے تحت یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب کی مصدقہ نقل ایوان میں پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۱۶۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور درج ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۷۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۸۔ **محترمہ نعیمہ کشور خان** وزیر برائے خارجہ امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کی وجہ سے قطر میں پھنسے ہوئے ۹۰۰ سے زائد پاکستانی شہریوں کی محفوظ وطن واپسی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،** **سعید احمد میتلا**

**۱۱ مارچ، ۲۰۲۶ء** **قائم مقام سیکرٹری**

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Thursday, the 12th March, 2026.

**TO BE READ AFTER ITEM NO. 10**

**LEGISLATIVE BUSINESS**

10A. **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill to consolidate and re-enact the law relating to the Frontier Constabulary [The Frontier Constabulary (Re-organization) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

10B. **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill to consolidate and re-enact the law relating to the Frontier Constabulary [The Frontier Constabulary (Re-organization) Bill, 2025], be passed.

**Islamabad, the**
**12th March, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ضمنی نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعرات، ۱۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو منعقد ہوگا۔

## آئٹم نمبر ۱۰ کے بعد پڑھا جائے

### قانون سازی

۱۰/الف۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری سے متعلق قانون کو یکجا کرنے اور دوبارہ وضع کرنے کا بل [فرنٹیئر کانسٹیبلری (تنظیم نو) بل ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۱۰اب۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری سے متعلق قانون کو یکجا کرنے اور دوبارہ وضع کرنے کا بل [فرنٹیئر کانسٹیبلری (تنظیم نو) بل ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

**اسلام آباد،**
**۱۲ مارچ، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**